## ڈیرہ اسماعیل خان میں ضلعی کچہری کی کار پارکنگ میں بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہارِ مذمت

لندن۔۔۔29، جولائی 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسماعیل خان میں ضلع کچہری کی کار پارکنگ میں ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈی آئی خان میں ضلع کچہری کی کار پارکنگ میں ہونے والا بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے بم دھماکے میں ہلاک ہونے والے شخص کے سوگواران لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد وکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ڈی آئی خان میں ضلع کچہری کی کار پارکنگ میں ہونے والے بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث انتہاء پسندوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔

## کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں حقیقی دہشتگرد ملوث ہیں، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔29/جولائی 2009ء۔۔۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیوایم کے کارکن یعقوب، دوہمدردوں ہرش کمار اور شاہد محبوب کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ سات ماہ سے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کی مسلسل ٹارگٹ کلنگ کے واقعات رونما ہوئے جس کے دوران ایم کیوایم کے 35 کارکنان وہمدردوں کو شہید کیا جا چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ جسقم کے چیئرمین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملے اور جماعت اسلامی کے سابق کونسلر ساجد نذیر کے قتل میں جرائم پیشہ حقیقی دہشتگردوں کے ملوث ہونے سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ حقیقی دہشتگرد ملوث ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی وارداتوں میں ملوث حقیقی دہشتگردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔

## صوفی ازم کونسل پاکستان کے چیئرمین اور سجادہ نشین اچ شریف کی پنجاب ہاؤس لاہور میں ایم کیوایم مقامی رہنماؤں سے ملاقات

لاہور۔۔۔29/جولائی 2009ء۔۔۔صوفی ازم کونسل پاکستان کے چیئرمین اور سجادہ نشین اچ شریف جناب مخدوم سید نفیس الحسن بخاری کی سربراہی میں وفد نے متحدہ قومی موومنٹ کے دفتر پنجاب ہاؤس میں سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن سلیم بندھانی اور پنجاب کمیٹی کے رکن عنصر بٹر سے ملاقات کی اور انہیں صوفی ازم کونسل پاکستان کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا۔سلیم بندھانی اور عنصر بٹّر نے مخدوم سید نفیس الحسن بخاری سمیت مہمان وفد کے ارکان کو پنجاب ہاؤس میں خوش آمدید کہتے ہوئے انہیں قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی سلام پہنچایا۔ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ایک گھنٹے جاری رہی جس میں مخدوم سید نفیس الحسن بخاری نے ملک کی مجموعی سیاسی وسماجی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔وفد میں سجادہ نشین درگاہ امام بری سرکار آصف علی کاظمی، سیکریٹری جنرل تحریک مشائخ پاکستان مخدوم زادہ سید حماد رضا بخاری اور ایم آر مرزا شامل تھے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سلیم بندھانی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے پاکستان میں بسنے والے ہر مکتبہ فکر کے حقوق کی نہ صرف آواز بلند کی بلکہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے عملی طور پر جدوجہد کرکے ثابت کر دیا کہ ایم کیوایم بلاشبہ ملک کے 98 فیصد عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے۔جناب مخدوم سید نفیس الحسن بخاری نے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد کو سراہتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے جو کہا وہ کرکے دکھایا اور اسی خوبی نے ہمیں جناب الطاف حسین کا گرویدہ بنا رکھا ہے۔انہوں نے صوفی ازم کونسل کی جانب سے جناب الطاف حسین کی گراں قدر خدمات پر سلام تحسین بھی پیش کیا اور ان کی درازی عمر صحت وتندوستی کیلئے دعائیں کیں۔

## جماعت اسلامی اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار ہے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## بہتان تراشی کے بجائے جماعت اسلامی اپنے سیاہ کرتوتوں پر نظر ڈالے

کراچی۔۔29/جولائی 2009ء۔۔۔ایم کیوایم کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف اور ڈاکٹر ایوب شیخ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے رہنماء ایم کیوایم فوبیا کا شکار ہے اور اخلاقی طور پر دیوالیہ ہو چکی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے امیر منور حسن اور سابق ارکان اسمبلی کی جانب سے جماعت اسلامی کے سابق کونسلر ساجد نذیر کے قتل میں گرفتار حقیقی دہشتگرد کو ایم کیوایم کا کارکن قرار دینے کے عمل کو جماعتی رہنماؤں کی روایتی ڈھٹائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی اخلاقی

طور پر دیوالیہ پن کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت واضح ہوچکی ہے کہ جماعت اسلامی کے سابق کونسلر ساجد نذیر کے قتل میں جرائم پیشہ حقیقی دہشتگرد ملوث ہیں اسکے باوجود جماعت اسلامی کے رہنماء ہٹ دھرتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایم کیوایم پر بہتان تراشی کرارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعتی رہنماء جتنی چاہئے منافقت کریں لیکن وہ سچائی کو عوام سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کومشورہ دیا کہ وہ ایم کیوایم پر بہتان تراشی کے بجائے اپنے ان سیاہ کرتوتوں پرنظر ڈالے جن کے باعث وہ زمانے بھر میں رسوا ہوچکی ہے۔

## اورنگی ٹاؤن کے بزرگ کارکن چاندخان کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔29جولائی 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن چاندخان کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکن آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن انتقال کرگئے

کراچی۔۔۔29جولائی 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے بزرگ کارکن چاندخان عرف بابوماسٹر گزشتہ روز انتقال کرگئے(اناللہ واناالیہ راجعون)مرحوم کی عمر 75 سال تھی اوروہ کافی عرصے سے بیمار تھے۔انہوں نے سوگواران میں بیوہ،چاربیٹے اورتین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔دریں اثناء چاندخان مرحوم کو جنت البقیع قبرستان اورنگی ٹاؤن میں سپردخاک کردیا گیا۔اس سے قبل مرحوم کی نماز جنازہ بعدنمازعصر مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست نمائندگان،ٹاؤن ناظمین ،یوسی ناظمین،کونسلرز،سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وایم کیوایم ایلڈرزونگ کے انچارج طیب ہاشمی،اورنگی ٹاؤن سیکٹرکمیٹی کے راکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورایلڈرزونگ کے ارکان نے اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن چاندخان عرف بابوماسٹر کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اوران کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

☆☆☆☆☆